RAMPUR GAZETTE

رامپور گزٹ

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

جلد ۲	روز دوشنبہ تاریخ ۳ فروری سنہ ۱۸۹۰ء مطابق ۱۱ رجب المرجب سنہ ۱۳۰۷ھ	نمبر ۹

فہرست مضامین

احکام جوڈیشل ممبر کونسل

اضافہ

۲۳ فروری سنہ ۱۸۹۰ء ۔ حسب درخواست صاحب ڈائرکٹر بہادر تقرر مسمی وحید اللہ طالب العلم مشاہرہ دار تین روپیہ کا بجائے دو روپیہ ماہوار مددگاری مدرسہ ریاضی پر عمل میں آیا۔

۲۳ فروری سنہ ۱۸۹۰ء ۔ سید عبداللہ ڈاکٹر برنچ ڈسپنسری انگریزی کا بابت پارسل الاونس تاریخ کارکردگی ذبح مادہ گاوان حسب تجویز کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۱۷ دسمبر سنہ ۱۸۸۹ء مقرر ہوئے۔

احکام ریونیو ممبر کونسل

اضافہ

بنظر مناسب یکم مارچ سنہ ۱۸۹۰ء سے ماہوار منشی اجلاس اسپ اجلاس کا دو روپیہ اضافہ ہوا ہے۔

دینانا تھ محرر سررشتہ آڈٹ کا حسب منظوری صاحب دفتر آڈٹ یکم مارچ سنہ ۱۸۹۰ء سے ایک روپیہ ماہوار کا اضافہ عمل میں آیا۔

روبکار اجلاس جنرل محمد عظیم الدین خانصاحب بہادر وائس پریزیڈنٹ ریاست رامپور واقع ۲۳ فروری سنہ ۱۸۹۰ء

ایک عرصہ سے کوشش کیجاتی ہے کہ نسل اسپان خوب ترقی ہو۔ گھوڑے خرید کر کے اصطبل میں بالخصوص سے منگائے گئے گھوڑیان کی گئیں لیکن تحصیلداران محال کی عدم توجہی کے باعث اب تک رعایا کو اسطرف توجہ نہیں ہوئی اور نئی گھوڑیان انہوں نے بھیجی ہیں

حکم ہوا کہ

تحصیلداران محال و ڈپٹی کلکٹر بلاسپور کو توجہ دلائی جاوے کہ وہ رعایا کو رغبت دلاکر اونکی گھوڑیان واسطے ترقی نسل کے بھجوا دین اور واضح رہے کہ گھوڑیان ناپ میں ہون۔ روبکار ہذا گزٹ میں مشتہر کیا جاوے

دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر ممبر صیغہ جوڈیشل کونسل ریاست رامپور واقع ۲۴ فروری سنہ ۱۸۹۰ء

مقدمہ

واپسی بحیثیت نیلام

صاحب اسسٹنٹ ممبر جوڈیشل سے معلوم ہوا کہ جب کوئی مد اس بعد ادائی نیلام ہوجاتی ہے اور جب تک تاریخ تین مہینہ کے اندر اوس نیلام شدہ کا جب کوئی وارث پیدا ہوتا ہے اوسکی تحقیقات تحصیلات میں نہیں کیجاتی ہے اکثر بیکار تحصیل رپورٹ تحقیقاتی بلا معائنہ و دستخط تحصیلدار روانہ بھیجدیا کرتے ہیں چونکہ یہہ معاملہ متعلق واپسی زر خزانہ اسلئے مناسب ہے کہ آیندہ تحصیلداران محال اسکی تحقیقات بالتفصیل کیا کرین اور کوئی مقدمہ واپسی زر کا بغیر معائنہ و دستخط تحصیلدار محال کے ادا کرے اسلئے کہ طوالت ہوتی ہے۔ تقریر ان۔

حکم ہوا کہ

اصل شریک فائل بک اور نقل مطبع سرکاری کو بغرض اندراج گزٹ بنابر اطلاع و تعمیل تحصیلداران محال مرسل ہو۔ فقط

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر ممبر جوڈیشل کونسل تحصیل ریاست رامپور
واقعہ ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ع

صاحب افسر کہ بہار سررشتہ تعلیم مظفر علیخان موجودہ الہند سررشتہ تعلیم
خوش نہیں ہیں — اسلئے مظفر علیخانکا تبادلہ دیوانی میں کیا گیا
نسبت تقرر الہند سررشتہ تعلیم کے سررشتہ دار صدر کو یاد کیا گیا
آج سررشتہ دار صدر نے سید احمد حسین امیدوار کو پیش کیا —
جو معمول اور سررشتہ دار صدر معرفت اونکی لیاقت کرتے ہیں —

حکم ہوا کہ

تقرر سید احمد حسین امیدوار کا بمشاہرہ مبلغ ۹ روپیہ ماہوار کے
بالفعل واسطے تین ماہ کے امتحاناً الہندی سررشتہ تعلیم پر کیا جاوے
کام متوسلین کا بھی حسب معمول کرنا ہوگا۔ بعد تین ماہ کے جب
صاحب افسر بھی اظہار خوشنودی اسکی اور سررشتہ دار صدر
تصدیق لیاقت و کارروائی سید احمد حسین کی کرینگے اور بعد
حکم مناسب نسبت استقلال کے صادر ہوگا۔ صاحب افسر کو
نقل روبکار لکھا جاوے کہ سید احمد حسین آدمی شریف [illegible]
[illegible] ہیں آپ انسے کام لیں اور بعد تین ماہ کے مطلع فرمایا
کہ سید احمد حسین نے کیسا کام کیا۔ روبکار درج گزٹ ہو۔ دستخط نواب صاحب

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر ممبر جوڈیشل کونسل تحصیل ریاست رامپور
واقعہ ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ع

یادداشت مفتی صاحب مرافعہ بابت الہند فوجداری و نقل نویس
محکمہ مرافعہ پیش ہوئی کہ [illegible] سررشتہ دار صدر سے معلوم ہوا
کہ کوئی ضرر [illegible] سابقہ کے اسکے مخالف نہیں ہے —

لہذا حکم ہوا کہ

حسب رائے مفتی صاحب مرافعہ سید احمد خان الہند فوجداری
و بابو لعل نقشہ نویس کے تین تین روپیہ ماہوار کی تنخواہ تاریخ [illegible] سے
مقرر کیجاوے۔ روبکار درج گزٹ ہو احکام جاری ہوں۔ دستخط نواب صاحب

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر ممبر جوڈیشل کونسل تحصیل ریاست رامپور
واقعہ ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ع

آج کاغذات درخواست محمد فدا علیخان مختار [illegible] عدالت دیوانی
بابت اجازت وکالت عدالت دیوانی و عدالت فوجداری و عدالت
مرافعہ اور اسکے متعلق یادداشت مفتی صاحب عدالت دیوانی پیش
ہوئی مفتی صاحب یادداشت میں فدا علیخان کو [illegible]
سکتے ہیں — اور فوجداری [illegible] فدا علیخان مدت تک وکالت کرچکا
فدا علیخان کی خواہش [illegible] بعد التماس مصرحہ بالا میں بالفعل
اجازت وکالت باخذ فیس [illegible] مبلغ [illegible] دیجاوے
اجازت وکالت [illegible] فدا علیخان الہندی اجرا [illegible]
دیوانی سے مستعفی ہونیکا ارادہ کرتا ہے —

حکم ہوا کہ

مبلغ [illegible] روپیہ فیس لیکر سند وکالت عدالت دیوانی و عدالت
فوجداری و عدالت مرافعہ اونکے فدا علیخانکو دیجاوے
اور مفتی صاحب دیوانی کو نگارش ہو کہ حسب وعدہ
فدا علیخان سے استعفا حاصل کرلیں۔ روبکار درج گزٹ ہو

[illegible]

روبکار اجلاس نواب [illegible] جنگ بہادر ممبر جوڈیشل کونسل ریاست رامپور

واقعہ ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ع

بنظر مناسب۔ حکم ہوا کہ

گوربہاے محرر [illegible] متعلقہ عدالت مرافعہ اولے اپنی موجودہ تنخواہ پر محرری ڈاکخانہ پر تبدیل کیا جائے اور خدمت میں [illegible] صاحب بہادر کے حاضر ہو۔

اور بجائے گوربہاے کے عدالت مرافعہ اولے میں مولوی سراج الدین خان امیدوار تخفیف یافتہ [illegible] عالمگیر کی لیاقت کو سررشتہ دار صدر مصدق ہیں مشاہرہ دس روپیہ ماہوار کے تجربہ کے واسطے تین ماہ کے مامور ہوں۔ بعد تین ماہ کے جب منشی صاحب مرافعہ تصدیق لیاقت مولوی سراج الدین خان کی کر دینگے تو نسبت استقلال حکم ہوگا۔ روبکار درج گزٹ ہو۔ احکام جاری ہوں۔ شرح دستخط [illegible]

روبکار اجلاس نواب [illegible] جنگ بہادر ممبر جوڈیشل کونسل ریاست رامپور

واقعہ ۲ فروری سنہ ۱۸۹۰ع

[illegible] علیخان محرر اجرا ڈگری عدالت دیوانی نے اجازت وکالت عدالت فوجداری و دیوانی و مرافعہ اولے کی حاصل کی ہے اور اسامی اجرا ڈگری دیوانی سے استعفا دینے کا وعدہ کیا ہے چونکہ وہ جگہ خالی ہے۔ لہذا حکم ہوا کہ

اصغر علیخان اہلمد سررشتہ تعلیم اپنی موجودہ تنخواہ پر بجائے [illegible] علیخان کے محرری اجرا ڈگری دیوانی پر تبدیل کیا جائے احکام جاری ہوں روبکار صیغہ گزٹ ہو۔ نسبت اسامی سررشتہ تعلیم کے بذریعہ روبکار جداگانہ درج ہو کی تاریخ انتظام مناسب کیا جائے۔

شرح دستخط
نواب [illegible] جنگ

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر ممبر [illegible] کونسل ریاست رامپور

واقعہ ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ع

بنظر مناسب۔ حکم ہوا کہ

یکم مارچ سنہ ۹۰ع سے محمد حسن خان پیشکار اجلاس اور [illegible] نائب پیشکار اجلاس کو پانچ پانچ روپیہ اضافہ تنخواہ با موجودہ دیا جاوے۔ احکام جاری ہوں۔ روبکار درج گزٹ ہو۔ شرح دستخط نواب یار جنگ

روبکار اجلاس صاحب [illegible] ممبر بہادر کونسل [illegible] ریاست رامپور

واقعہ ۲۶ فروری سنہ ۱۸۹۰ع

منشی ولی اللہ نقشہ نویس صیغہ عمارات سرکاری کا نقشہ واسطے مسجد کے جو دریاے کوسی کے کنارہ سڑک مراد آباد پر واسطے میلہ [illegible] نظیر کے بنائی جاویگی سب نقشوں میں سے پسند ہوا اور اونکو [illegible] انعام دیا گیا۔ یہہ مسجد جس میں روکار کیطرف رام پور کے چینی اور [illegible] پتھر کا کام ہوگا معہ مکان سرائے [illegible] عنقریب باہتمام شیخ [illegible] طیار ہونا شروع ہو گئی۔ صرف مسجد کا تخمینہ چھ ہزار ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا گزٹ میں شائع ہووے۔

شرح دستخط
سید علی حسن

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۵ فروری سنہ ۱۹ع

صاحبزادہ میر با اقبال بہادر صدر نشین جلسہ

و محمد سعادت یار خان صاحب سکرٹری میونسپل بورڈ

شرکاء جلسہ ملازمین		شرکاء جلسہ غیر ملازمین	
ا۔ بابو شیام سندر داس صاحب	سول سرجن	ا۔ سعید الدین احمد صاحب	وکیل
۲۔ حکیم محمد نعمان خان صاحب	حکیم	۲۔ شیخ عبد الصمد صاحب	"
۳۔ گوپال داس صاحب	منیب	۳۔ جوالا پرشاد صاحب	"
		۴۔ مولوی یعقوب علی صاحب	"
		۵۔ مرزا محمد حسن صاحب	"

جو فیصلہ امور تصفیہ طلب کا باتفاق رائے ارباب جلسہ کے اس کمیٹی کے اندر صادر ہوا وہ سرامر کے محاذ میں نمبروار درج کیا جاتا ہے۔

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱۔ یادداشت سپرنٹنڈنٹ صاحب پولیس نقل درنامہ چند شخص کہ جو لوگ پاخانہ و پیشاب سڑکوں پر کرتے ہیں اونکو سیدھے کیا کیا جاوے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اول منادی کرائی جاوے اور اشتہار دیا جاوے کہ کوئی شخص پیشاب و پاخانہ شارع عام پر نہ کرے اور بعد اشتہار و منادی کے بعد پیشاب کرنیوالے پر اور پاخانہ کرنیوالے پر ... جاوین سپاہیان صفائی اور ہر شخص کو سررشتہ میونسپل میں لاوین اور سکرٹری بورڈ بعد تحقیقات معمولی زر جرمانہ وصول کریں لیکن جو شخص بحالت بیماری ہو اوس سے جرمانہ نہ لیا جاوے۔

یہ تجویز درست ہے لیکن نفاذ اسکا اوسوقت قرین انصاف ہوگا جبکہ میونسپل کمیٹی کو اطمینان اسبات کا ہو جاوے کہ شہر میں پیشاب خانے اور ... تعداد کافی حاجت روائی عامہ خلائق تیار ہو گئے ہیں لہذا میونسپل کمیٹی اس بارہ میں رپورٹ دے۔ مرقومہ ۱۲ فروری سنہ ۰۹ع

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۲۔ رپورٹ گرداور صفائی دربارہ برآمد چاہ از مکان یوسف علی متصل سڑک موقوعہ محلہ راجدوارہ حسب منشاء عرضی علی بہادر خان و فیاض بہادر خان اہل محلہ کہ یہ متصل سڑک نواب دوارہ کے ہے حکم اجلاس نواب خورشید جنگ بہادر	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اب تک محلہ راجدوارہ باعث تعمیر نواب ... گذشتہ ہوا و عام جگہ کنوؤں طرفوں کے مکان سے باہر کیا جاوے اور میونسپل خرچ سے اوسکی درستی کیجاوے لیکن اندر ... دیوار جسکو ذریعہ کنوان اندر مکان کے ہو اوسے میونسپل خرچ سے تعمیر کریں اور میونسپل لحاظ رکھا جاوے کیونکہ حسب تجویز سابق سطرک نئی دیوار بنائی تھی۔

ملاحظہ شد ۱۲ فروری سنہ ۰۹ع

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۳۔ رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب پولیس عرضی تماشاخان مستدعی اجراء تماشا پھرکی دربارہ عدم اجراء تماشا بباعث یہ کہ از قسم قمار بازی حکمی ہو جج و کیل ممبر بہادر	تماشا گر کو اجازت تماشا کرنیکی نہ دیجاوے کیونکہ یہ تماشا قمار سے تعلق رکھتا ہے۔

ملاحظہ شد ۱۲ فروری سنہ ۰۹ع

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۴۔ روبکار اجلاس صاحب ...	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ...

۴

اخراج خواجہ علی جیلش ممبر بہادر حسب تعداد کی گرد آور صفائی دربین مضمون کہ اگر عنبر مسل ہوں سفارش دربارہ تیاری پیشاب گہر جدید و نیز مرمت پیشاب گہر ہائی قدیمہ کی تو اس بارہ میں حکم ہو سکتا ہے۔

موقع مناسب پر ظاہر کی جاوے اور درستی پیشاب گہر ہائی کی بھی ہونا مناسب ہے۔

بیشک اس کام کے اجرا و انجام میں کوشش بلیغ عمل میں آوے

مرقومہ ۱۲ فروری سنہ [illegible]

۵

یادداشت محکمہ صفائی دربارہ آزادی خاکروبان از غرض صفائی جہاڑو کشی محلات شہر بحساب تھانہ جات خاکروب۔

تجویز ہوئی کہ پہلے فہرست تعداد خاکروبان موجودہ محکمہ صفائی طلب ہو اور یہ معاملہ آئندہ کمیٹی میں پیش ہو۔

۶

رپورٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس شہر اس امر کی کہ اسقاط حمل میں پولیس حسب دفعہ ۳۱۲ تعزیرات ہند مجاز تحقیقات ہو حسب علیہ آمد ریاست کہاں تک پولیس دست اندازی کر سکتی ہے۔

تجویز ہوئی کہ ضرور اس امر کی نگرانی کیجاوے کہ کوئی عورت بچہ کو نہ مارے اور پولیس کو اطلاع حمل حرام کی ہو تو عدالت فوجداری سے قرار واقعی [illegible] حمل حاملہ کو کسی عزیز دیا اور قریب کے محلہ کے آدمی سے لکہا لیا جاوے۔

یہ معاملہ ایک خاص عدالت فوجداری کا ہے اسکی بابت علیحدہ ہدایت جاری ہوگی۔ مرقومہ ۱۳ فروری سنہ [illegible]

۷

بوجہ گرد آور صفائی کی پونچ لنٹرن نمبر [illegible] اور جدید ملاحظہ ٹھیکہ دار سابق سے [illegible] بکس تیل خرید کر ۶ روپیہ فی بکس کے اجازت دی گئی تو جب جو نشیل ممبر بہادر سے بوساطت گرد آور صفائی سابق حاصل کی تہی اسکا تفاوت بمقابلہ ۱۵۰ نمبر کے تیل کے موجودگی میونسپل انجنیر بہادر ٹھیکہ دار لگایا تو بجائے ۶ روپیہ کے ۱۲ ار کمی کے ہوئے چنانچہ اسد اللہ خان ٹھیکہ دار کے بیان سے ظاہر ہو گیا کہ علاوہ ۶ روپیہ فی بکس داخل شدہ کی ۶ روپیہ فی بکس اور داخل کرنا چاہئے اور خیر خواہ نے جو لکہا ہے کہ ٹھیکہ دار بجائے تیل ۱۵۰ بکس قیمتی [illegible] کے قیمتی ۱۲ روپیہ کا بکس جلاتے ہیں اصلیت [illegible] خیر خواہ پائی نہیں گئی۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اول تیل نمبر ۱۵۰ اور دوسرا بکس کہ جسمیں ۱۲ ار کی کمی قرار پائی ہے سکرٹری بورڈ دیکہیں اسکے بعد کمیٹی آئندہ میں تجویز کیجاوے گی اور سکرٹری بورڈ [illegible] بکسوں کو دیکہکر قیمت ہر دو کی تحقیق کریں۔

محمد سعادت یار خان سکرٹری بورڈ

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور سن ابتدائے ۲۴ فروری سنہ ۱۹ء لغایت ۲ مارچ سنہ ۱۹ء

نام مواضعات	پیدائش				میزان	تفصیل مذہب		تفصیل فوتے								تفصیل مذہب	
	مرد		عورت					۱ – ۵		۶ و ۱۲		۱۳ و زیادہ		میزان مرد و عورت			
	ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان		ہندو	مسلمان	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	ہندو	مسلمان
تحصیل حضور	۵	۱۴	۵	۱۲	۳۶	۱۰	۲۶	۴	۴	۰	۰	۶	۱۰	۱۰	۱۴	۶	۱۰
شاہ آباد	۶	۴	۶	۳	۲۱	۶	۱۵	۴	۲	۰	ایک	۲	۴	۶	۷	۵	۸
ملک	۲۸	۷	۲۱	۴	۶۰	۴۹	۱۱	۳	ایک	-	۰	۹	۵	۱۲	۶	۱۴	۳
سوار	۵	۵	۶	۵	۲۱	۱۱	۱۰	۰	۰	ایک	۰	۱	۱	۳	۳	۳	۳
بلاسپور	۰	ایک	۰	ایک	۱	۰	۱	۰	۰	۱	۰	۳	۳	۴	۳	۲	۵
ٹانڈہ	۶	۵	۲	۱	۱۴	۸	۶	۲	۳	۲	۰	۰	ایک	۴	۴	۳	۵
میزان	۵۳	۳۶	۴۰	۲۵	۱۵۳	۸۴	۷۹	۱۳	۱۰	۴	ایک	۲۱	۲۴	۳۹	۳۷	۳۳	۴۲

نرخ نامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور مابین ابتداء ۲۴ فروری لغایت ۲ مارچ سنہ ۱۸۹۰ع

نام اجناس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲/۱۰	۱۲/۱۰	۰	۱۲/۱۰	۱۳/۱۰	۱۲/۱۰	تحصیل ملک سے نقشہ وقت پہ نہیں آیا
نخود چنا الصل	۱۹/۱۰	۸/۱۰	۰	۱۹/۱۰	۸/۱۰	۸/۱۰	
نخود کم آمیز	۱۷/۱۰	۱۹/۱۰	۰	۱۹/۱۰	۱۹/۱۰	۰	
کسیر	۱۹/۱۰	۲۰/۱۰	۰	۰	۰	۱۹/۱۰	
ماش	۱۵/۱۰	۱۵/۱۰	۰	۱۵/۱۰	۱۵/۱۰	۱۵/۱۰	
مونگ	۱۷/۱۰	۱۶/۱۰	۰	۱۳/۱۰	۱۴/۱۰	۱۴/۱۰	
بجھے	۲۲/۱۰	۲۲/۱۰	۰	۲۵/۱۰	۲۷/۱۰	۲۲/۱۰	
گوجئی	۲۰/۱۰	۱۸/۱۰	۰	۲۰/۱۰	۲۱/۱۰	۱۷/۱۰	
عدسن	۲۳/۱۰	۲۰/۱۰	۰	۲۰/۱۰	۲۴/۱۰	۱۸/۱۰	
ارہر	۲۰/۱۰	۲۲/۱۰	۰	۲۰/۱۰	۰	۱۸/۱۰	
روغن زرد	۱/۱۱/۱۰	۱۱/۱۰	۰	۱۱/۱۰	۱۱/۱۰	۱/۱۱/۱۰	
روغن سیاہ	۳۳/۱۰	۳۲/۱۰	۰	۳۳/۱۰	۳۳/۱۰	۳۳/۱۰	
روغن گنجد	۳/۱۰	۳/۱۰	۰	۰	۰	۳/۱۰	
نمک سیوہری	۶/۱۰	۴/۱۰	۰	۶/۱۰	۶/۱۰	۶/۱۰	
نمک سانبر	۸/۱۰	۸/۱۰	۰	۸/۱۰	۸/۱۰	۸/۱۰	
سکا	۰	۲۰/۱۰	۰	۰	۲۱/۱۰	۸/۱۰	
جیرہ	۰	۱۶/۱۰	۰ ۰	۰	۱۷/۱۰	۱۶/۱۰	

اشتہار

اس مطبع میں نہایت مضبوط عمدہ فولس کیپ کے سادہ مجلد کتابیں ہر محکمہ جات کے لائق حسب ذیل موجود ہیں اور قیمت بھی بہت ارزاں چنانچہ اکثر دفاتر میں خرید ہو گئی ہیں تھوڑی سی باقی ہیں جن صاحب کو مطلوب ہوں جلد قیمت بھیجکر مطبع سے طلب فرمالیں۔

نسخے جلد دو دستہ ۴ | نسخے جلد ۳ دستہ ۵ | نسخے جلد ۴ دستہ ۱۲

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا۔